© rasailojaraid.com



۹۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی حفاظت کے لیے اسلحہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔ کیا اب بھی لائسنس لینا ضروری ہے؟

۱۰۔ حضرت سلیمانؑ اور بلقیس کا نکاح ہوا تھا یا نہ؟

۱۱۔ زلیخا کو اس کے جرم پر مطعون کیا جاسکتا ہے؟

## ۱۔ عورت کے سر کے بال:

ستر میں داخل ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جب لڑکی بالغ ہو جائے تو اس کے چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں کے سوا اس کا کچھ اور حصّہ نظر نہ آئے:

"یَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْأَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِیْضَ لَمْ یَصْلُحْ اَنْ یُّرٰی مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰی وَجْهِهٖ وَكَفِّهٖ"
(ابوداؤد)

نیز فرمایا:

"اَلْجَارِیَةُ اِذَا حَاضَتْ لَمْ یَصْلُحْ اَنْ یُّرٰی مِنْهَا اِلَّا وَجْهُهَا وَیَدَاهَا" (ابوداؤد)

## ۲۔ نیک عورتوں کے لیے نیک مرد:

نیک عورتوں کے لیے نیک مرد ہوں گے:

"اَلصَّالِحَاتُ لِلصَّالِحِیْنَ" (طبرانی عن لقیط بن عامر ـ حادی الانام الی دار السلام ص۸۹)

## ۳۔ مدرکِ تشہد مدرکِ جمعہ ہو گا:

کیونکہ تکبیر سے سلام پھیرنے تک جو نماز ہے وہی نمازِ جمعہ بھی ہے، جتنی باقی رہ گئی وہ ادا کرے:

"عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَنْ اَدْرَكَ التَّشَهُّدَ فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ" (ابن ابی شیبہ ص ۱۳۱/۲)

## ۴۔ ذبح کے وقت جذبات:

ذبح کے وقت اگر ترس آتا ہے تو رحم دلی کی بات ہے، مبارک ہے، تاہم

© rasailojaraid.com